© rasailojaraid.com



# امیر احرار حضرت سید عطاء المحسن بخاری مدظلہ کی علالت

## امیر جماعت اسلامی جناب قاضی حسین احمد اور دیگر احباب کی عیادت

امیر احرار، ابن امیر شریعت حضرت سید عطاء المحسن بخاری دامت برکاتہم اپنی شدید علالت کی وجہ سے گزشتہ ڈیڑھ ماہ سے لاہور میں مقیم ہیں۔ وہ ۱۱ اپریل کو ملتان سے لاہور تشریف لے گئے۔ اور ۲۸ اپریل کو انہیں شالامار ہسپتال میں داخل کیا گیا۔ ۱۲ مئی کو صحت بہتر ہونے کی بنا پر انہیں ہسپتال سے فارغ کر دیا گیا۔

حضرت امیر مرکزیہ گردوں کے عارضہ میں مبتلا ہیں۔ چند روز کے معمولی افاقہ کے بعد ان کی صحت پھر بگڑ گئی۔ وہ آج کل ہومیو ڈاکٹر عبدالسلام شیخ صاحب کے زیر علاج ہیں اور دفتر احرار میں مقیم ہیں۔

مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے احباب اور رہنما حضرت امیر مرکزیہ کی عیادت کے لئے تشریف لا رہے ہیں گزشتہ دنوں امیر جماعت اسلامی محترم قاضی حسین احمد اور مولانا عبدالمالک احباب جماعت کے ایک وفد کے ہمراہ عیادت کے لئے دفتر احرار تشریف لائے اور نصف گھنٹہ کی ملاقات میں مختلف مسائل پر گفتگو جاری رہی۔ انہوں نے حضرت شاہ جی کی صحت یابی کے لئے دعاء کی۔ حضرت شاہ جی نے محترم قاضی حسین احمد اور دیگر احباب کا شکریہ ادا کیا۔

ممتاز اہل حدیث محقق محترم محمد اسحق بھٹی، مدیر "الاعتصام" محترم حافظ احمد شاکر، محترم علیم ناصری، محترم پروفیسر محمد یحیٰی بھی عیادت کے لئے تشریف لائے اور تقریباً ایک گھنٹہ حضرت شاہ جی کی مجلس میں علم کے موتی بکھیرتے رہے۔

مجلس احرار اسلام کے شعبہ تبلیغ کے سابق ناظم محترم قاری عبدالحیٔ عابد مدظلہ ہسپتال میں بھی تقریباً روزانہ تشریف لاتے رہے اور بعد میں دفتر احرار بھی کئی مرتبہ تشریف لائے۔ حضرت قاری صاحب نے جس محبت اور خدمت کا اظہار فرمایا اس پر حضرت شاہ جی انہیں مسلسل دعائیں دیتے رہے۔

حضرت امیر احرار اس وقت مجلس احرار اسلام کی متاعِ عزیز ہیں اور خانوادہ امیر شریعت کے بزرگ ہیں۔ مجلس احرار اسلام ان کی مدبرانہ صلاحیتوں کی وجہ سے پھل پھول رہی ہے اور شاہراہ ترقی پر گامزن ہے۔ انہوں نے اپنی جوانی مجلس احرار اسلام کی نذر کی۔ ان کی زندگی قربانی و ایثار اور کارکنوں سے محبت و شفقت سے عبارت ہے۔ مجلس احرار اسلام کے کارکنوں اور اپنے قارئین سے درخواست ہے کہ حضرت سید عطاء المحسن بخاری دامت برکاتہم کی شفایابی کے لئے خصوصی دعاؤں کا اہتمام فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ عطا فرمائے اور ان کا سایہ ہم پر تادیر سلامت رکھے (آمین۔)

حضرت شاہ جی سے رابطہ کے لئے پتہ یہ ہے۔

دفتر مجلس احرار اسلام۔ 69/C حسین سٹریٹ،

وحدت روڈ، نیو مسلم ٹاؤن لاہور۔ فون 5865465 -042

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری کی مصروفیات

مجلس احرار اسلام پاکستان کے نائب امیر حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم گزشتہ ماہ ضلع وہاڑی اور چیچا وطنی کے مختلف مقامات کا دورہ مکمل کر کے مسجد احرار چناب نگر تشریف لے گئے۔ انہوں نے ۱۰ مئی کو سلانوالی میں جناب قاری شفیق الرحمن کی دعوت پر ایک اجتماع سے خطاب فرمایا اور ۲۰ مئی کو جامع مسجد طوبیٰ گلبرگ فیصل آباد میں خطبۂ جمعہ ارشاد فرمایا۔ آج کل چناب نگر میں ہی مقیم ہیں۔ اور سیرت کانفرنس ۱۲ ربیع الاول کے انتظامات میں مشغول ہیں۔

## مدیر نقیب ختم نبوت کی مصروفیات

ماہنامہ نقیب ختم نبوت کے مدیر سید محمد کفیل بخاری ۱۵ تا ۲۵ مئی دفتر احرار لاہور میں حضرت امیر احرار کی خدمت میں حاضر رہے۔

۱۶ مئی کو ہیومن رائٹس فاؤنڈیشن کے اجلاس میں شرکت کی اور ۲۰ مئی کو حضرت مولانا قاری عبدالحیٔ عابد مدظلہ کے ہاں مدنی جامع مسجد لاہور میں اجتماع جمعہ سے خطاب کیا۔

جون کے پہلے عشرہ میں دوبارہ دفتر احرار لاہور تشریف لے جائیں گے۔


حضرت مولانا محمد علی جالندھری رحمہ اللہ

مجاہد ختم نبوت اور عظیم مبلغ کی داستان حیات

جدوجہد اور خدمات قیمت =/۱۰۰

تالیف: مولانا محمد سعید الرحمن علوی رحمہ اللہ

مقدمہ:

حضرت مولانا خواجہ خان محمد صاحب دامت برکاتہم

بخاری اکیڈمی دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان


© rasailojaraid.com